سوال

(727)کیا قرآن سننے اور پڑھنے کا ثواب برابر ملتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قرآن سننے اور پڑھنے کا ثواب برابر ملتا ہے۔ اسی طرح کیا قرآن کا ترجمہ پڑھنے کا ثواب زیادہ ہے یا عربی پڑھنے کا جبکہ بد قسمتی سے ہم عربی زبان کو جانتے اور سمجھتے نہیں ہیں۔ (جاوید احمد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

قرآن پڑھنا، پڑھانا، سننا اور سنانا سب ثواب کے کام ہیں ان سب کا ثواب برابر ہے یا نہیں اس کا مجھے علم نہیں۔ معلوم ہونا چاہیے کہ قرآنِ مجید کا ترجمہ قرآن نہیں اس لیے اس کا ثواب ہے تو ضرور لیکن قرآنِ مجید والا اجر و ثواب نہیں۔

خوش قسمتی سے آپ عربی کو جان اور سمجھ سکتے ہیں اور تھے، مگر آپ نے اپنے اوقات انگریزی یا دیگر امور کی طرف لگائے رکھے۔ اب بھی ہمت کریں تھوڑی سی کوشش سے آپ عربی زبان سے واقفیت حاصل کر سکتے ہیں۔

۱۴۲۱/۲/۲۸ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص725

محدث فتویٰ